# باب 21: ٹراپیکل سائیکلون (سمندری طوفان) اور باد و باران کے انتباہات

## ٹراپیکل سائیکلون انتباہ کے سگنلز

ہانگ کانگ میں، ٹراپیکل سائیکلون عام طور پر مئی سے نومبر کے مہینوں کے دوران واقع ہوتے ہیں۔ ٹراپیکل سائیکلون انتباہ کے اشارے عوام کو ٹراپیکل سائیکلون سے وابستہ ہواؤں کے خطرے سے آگاہ کرنے کے لئے ہوتے ہیں۔ ہانگ کانگ کے مختلف حصوں میں موسم کا محض جاری کردہ سگنل سے اندازہ نہیں لگایا جا سکتا ہے۔ محض یہ جاننا کہ کون سا سگنل جاری کیا جاتا ہے کافی نہیں ہے۔ آپ کو جاری کردہ سگنلز کے ردعمل میں اختیار کیے جانے والے اقدامات کا فیصلہ کرنے کے لئے تازہ ترین ٹراپیکل سائیکلون معلومات اور ریڈیو اور ٹی وی پر نشر کردہ متعلقہ اعلانات، جو ہانگ کانگ آبزرویٹری کی انٹرنیٹ ویب سائٹ (www.hko.gov.hk اور www.weather.gov.hk) پر دی گئی ہو، اور Dial-a-Weather سسٹم (ٹیلیفون: **1878-200**) اور موبائل ایپ "مائی آبزرویٹری" پر غور کرنا چاہئیے۔ مندرجہ ذیل جدول سمندری طوفان انتباہ کے سگنل کے معنی کی نشاندہی کرتا ہے:

| سگنل | علامت | معنی |
|---|---|---|
| 1 |  | اسٹینڈ بائی سگنل |
| 3 |  | تیز ہوائیں |
| 8 NW |  | شمال مغرب سے جھکڑ یا طوفانی طاقت والی ہوائیں |
| 8 SW |  | جنوب مغرب سے جھکڑ یا طوفانی طاقت والی ہوائیں |
| 8 NE |  | شمال مشرق سے جھکڑ یا طوفانی طاقت والی ہوائیں |
| 8 SE |  | جنوب مشرق سے جھکڑ یا طوفانی طاقت والی ہوائیں |
| 9 |  | بڑھتا جھکڑ یا طوفانی طاقت والی ہوائیں |
| 10 |  | طوفان بادو باراں طاقت والی ہوائیں |

### نوٹ کرنے کے لئے اہم نکات:

- مقامی جُغرافیائی حالات یا قریبی عمارتوں کی موجودگی کی وجہ سے، آپ کے علاقے میں موجود ہوائیں ہانگ کانگ کے میں پھیلی عام ہوا کی طاقت سے کافی مختلف ہو سکتی ہے۔ ہوائیں عام طور پر ماورائے ساحل پانیوں پر اور اونچی جگہ پر زیادہ تیز ہوتی ہیں۔
- ہانگ کانگ آبزرویٹری منتوع چینلز، خاص طور پر انٹرنیٹ کے ذریعے علاقائی ہوا اور بارش پر عوام کو تفصیلی معلومات فراہم کرتی ہے۔ عوام الناس کو انتباہات کے ردعمل میں احتیاطی تدابیر اختیار کرتے وقت اپنے حالات اور قابل قبول خطرے کے درجے کو دھیان میں رکھنا چاہئیے۔
- جب نمبر 1 سگنل جاری کیا جاتا ہے، آپ کو اپنی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی پر غور کرتے ہوئے ٹراپیکل سائیکلون کی موجودگی مدنظر رکھنی چاہئیے اور ہوشیار رہنا چاہئیے کہ ہو سکتا ہے ساحل سے پرے پانیوں میں تیز ہوائیں چل رہی ہوں۔
- جب نمبر 3 سگنل جاری کیا جاتا ہے، تو تمام کھلی/آزاد اشیاء، خاص طور پر بالکونیوں اور چھت کے اوپر موجود چیزوں کو محفوظ بنا دینا چاہئیے۔ ہورڈنگ، مچانوں اور عارضی ڈھانچوں کو محفوظ بنائیں۔ ماورائے ساحل پانیوں پر اور اونچی جگہ پر ہوائیں طوفانی طاقت تک پہنچ سکتی ہیں۔
- جب نمبر 8 سگنل جاری کیا جاتا ہے، تو جھکڑ کے شروع ہونے سے پہلے تمام احتیاطی تدابیر کو مکمل کر لیں۔
- جب نمبر 9 یا نمبر 10 سگنل جاری کیا جاتا ہے، تو تمام احتیاطی تدابیر مکمل ہونی چاہئیں۔ اڑتے ملبے سے بچنے کے لئے اندرون خانہ رہیں اور کھلی کھڑکیوں اور دروازوں سے دور رہیں۔
- سمندری طوفان سے وابستہ دیگر خطرات سے متعلق معلومات، جیسا کہ طوفان میں اضافے، سیلاب آنے، وغیرہ کو انتباہی بلیٹن میں شامل کیا جا سکتا ہے۔
- اگرچہ سمندری طوفان ہانگ کانگ سے دور چلا گیا ہو، لیکن یہ ہانگ کانگ کو مختلف درجے کے نقصانات پہنچا سکتا ہے۔ پوشیدہ خطرہ موجود ہو سکتا ہے۔ عوامی ارکین کو ذاتی سلامتی کی یقین دہانی کے لیے چوکنے رہنا چاہیے۔

### طوفانی بارش کے اشارے

انتباہ کے تین درجے ہیں: عنبر، سرخ اور سیاہ۔

امبر سگنل ممکنہ تیز بارش کے بارے میں انتباہ دیتا ہے جو ایک سرخ یا سیاہ سگنل کے حالات میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ کچھ نشیبی اور غیر تسلی بخش نکاسی والےعلاقوں میں سیلاب بھی امڈ سکتا ہے۔ شدید بارش ناگہانی سیلابی ریلوں کو بھی لا سکتی ہے۔

سرخ یا سیاہ سگنلز خبردار کرتے ہیں کہ تیز بارش سڑک پر شدید سیلاب آنے اور ٹریفک جام کرنے کا امکان پیدا کر سکتی ہے۔

### امبر طوفانی بارش انتباہ کا سگنل

عمومی طور پر ہانگ کانگ میں شدید بارش ہوئی ہے یا ہونے کی توقع ہے، جو ایک گھنٹے میں 30 ملی میٹر سے زیادہ ہو سکتی ہے، اور جاری رہنے کا امکان ہے۔

**عملدرآمد:**

- شدید بارش سیلاب کا سبب بن سکتی ہے۔ لوگوں کو نالوں/ندیوں سے دور رہنا چاہئیے۔ وہ لوگ جن کا سیلاب سے متاثر ہونے کا امکان ہے انہیں نقصانات سے بچنے کے لئے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔
- موسم، سڑک اور ٹریفک کے حالات کے بارے میں ریڈیو یا ٹیلی ویژن کے اعلانات سنیں۔

### سرخ طوفانی بارش انتباہ کا سگنل

عمومی طور پر ہانگ کانگ میں شدید بارش ہوئی ہے یا ہونے کی توقع ہے، جو ایک گھنٹے میں 50 ملی میٹر سے زیادہ ہو سکتی ہے، اور جاری رہنے کا امکان ہے۔

**عملدرآمد:**

- بارش کی لپیٹ میں آنیوالے علاقوں میں باہر کام کرنے والے ملازمین کو بیرون خانہ کام روک دینا چاہئیے اگر ان کے علاقوں میں موسمیاتی حالات زیادہ خراب ہوں۔
- وہ لوگ جنہیں سفر کرنا ہے انہیں احتیاط سے موسم اور سڑک کے حالات پر غور کرنا چاہئیے۔
- شدید بارش ناگہانی سیلاب لائے گی، اور آبی گزرگاہوں میں سیلاب جاری ہو چکا ہے یا جاری ہونے کی توقع ہے۔ لوگوں کو نالوں/ندیوں سے دور رہنا چاہئیے۔ دریاؤں کے بالکل قریب رہنے والے افراد کو موسم کے حالات سے چوکنا رہنا چاہئیے اور اگر ان کے گھروں میں سیلاب آنے کا خطرہ ہو تو انخلاء پر غور کرنا چاہئیے۔
- اگر کام کے اوقات سے پہلے سرخ سگنل جاری کر دیا جاتا ہے، تو ملازمین کو معمول کے مطابق ڈیوٹی پر حاضر ہونا چاہئیے، بشرطیکہ اگر نقل و حمل کی خدمات دستیاب ہیں۔ سپروائزرز کو ایک لچکدار رویہ اپنانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اگر ان کے ملازمین کو وقت پر کام پر پہنچنے میں حقیقی مشکلات کا سامنا ہو۔
- اگر دفتری اوقات کے دوران سرخ سگنل جاری کر دیا جاتا ہے، تو اندرون خانہ کام کرنے والے ملازمین کو معمول کے مطابق ڈیوٹی پر رہنا چاہئیے ماسوائے اگر ایسا کرنا خطرناک ہو۔ ان علاقوں کے رہنے والے ملازمین جہاں نقل و حمل کی خدمات معطل کر دیئے جانے کے قریب ہیں انہیں غیرمعمولی طور پر سپروائزر کی صوابدیدگی پر جانے دیا جا سکتا ہے۔ اپنی صوابدیدگی کو استعمال کرتے ہوئے، سپروائزر کو موسم اور سڑک کے حالات کو مدنظر رکھنا چاہئیے۔

### سیاہ طوفانی بارش انتباہ کا سگنل

عمومی طور پر ہانگ کانگ میں انتہائی شدید بارش ہوئی ہے یا ہونے کی توقع ہے، جو ایک گھنٹے میں 70 ملی میٹر سے زیادہ ہو سکتی ہے، اور جاری رہنے کا امکان ہے۔

**عملدرآمد:**

- اندرون خانہ ٹھہرے رہیں یا کسی محفوظ جگہ پر پناہ لیں جب تک تیز بارش ختم نہیں ہو جاتی ہے۔
- شدید بارش ناگہانی سیلاب لائے گی، اور آبی گزرگاہوں میں سیلاب جاری ہو چکا ہے یا جاری ہونے کی توقع ہے۔ لوگوں کو نالوں/ندیوں سے دور رہنا چاہئیے۔ دریاؤں کے بالکل قریب رہنے والے افراد کو موسم کے حالات سے چوکنا رہنا چاہئے اور اگر ان کے گھروں میں سیلاب آنے کا خطرہ ہو تو انخلاء پر غور کرنا چاہئے۔
- کھلے علاقوں میں باہر کام کرنے والے ملازمین کو کام روک دینا چاہئے اور پناہ لینی چاہئے۔
- آجروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو کام کے لئے نہ بھیجیں جب تک کہ جب تک برساتی طوفان کے دوران کام کے انتظامات پر پہلے سے اتفاق نہ کر لیا گیا ہو۔
- وہ لوگ جو پہلے سے ہی کام پر ہیں انہیں وہیں رکے رہنا چاہئیے جہاں وہ ہیں جب تک کہ ایسا کرنا خطرناک نہ ہو۔

## لینڈسلپ انتباہ

ہانگ کانگ آبزرویٹری، جیو ٹیکنیکل انجینرنگ آفس کے ساتھ اشتراک عمل میں لینڈسلپ انتباہ جاری کرے گی جب مسلسل تیز بارش کے نتیجے کے طور پر بہت سے تودے گرنے کا ایک اعلٰی خطرہ موجود ہو۔ اگر آپ کو لینڈ سلپ کے خطرے کی وجہ سے انخلا کرنے کا ایک نوٹس ملا ہے، یا اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کا گھر ایک غیر مستحکم ڈھلوان یا حفاظتی دیوار، یا سر پر منڈلاتی چٹانوں کی وجہ سے خطرہ میں گھرا ہے، تو آپ کو ایک محفوظ پناہ گاہ میں منتقل ہونے کے فوری انتظامات کرنے چاہئیں۔

## شمالی نئے علاقوں میں سیلاب سے متعلق خصوصی اعلان

ہانگ کانگ آبزرویٹری کی جانب سے شمالی نئے علاقہ جات میں سیلاب کے حوالے سے ایک خصوصی اعلان جاری کیا جائے گا جب بھی شدید بارشیں اس علاقے کو متاثر کریں گی اور شمالی نئے علاقہ جات کے نشیبی میدانوں میں سیلاب آ جائے یا آنے کا امکان ہوگا۔ خصوصی اعلان کا مقصد عوام کو سیلاب کے خلاف احتیاطی تدابیر اپنانے اور کسانوں، مچھلی فارم چلانے والوں، انجینئرز، ٹھیکیداروں اور ان دیگر کو خبردار کرنا ہے جنہیں سیلاب سے نقصانات پہنچنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ یہ اعلان متعلقہ سرکاری محکموں اور تنظیموں کو بھی مناسب کارروائیاں شروع کرنے کے لئے متنبہ کرتا ہے، جیسا کہ عارضی پناہ گاہیں کھولنا، تلاش اور بچاؤ کی کارروائیاں، انفرادی اسکولوں کی بندش اور فلاحی کام۔ اسے اس بات سے قطع نظر جاری کیا جاتا ہے کہ آیا موسم کے دیگر شدید انتباہات، جیسا کہ ٹراپیکل سائیکلون سگنلز یا طوفانی بارش کے انتباہی اشارے، لاگو ہیں۔

## مقامی سطح پر شدید بارش سے متعلق صلاح/مشورہ

شمالی نئے علاقہ جات میں سیلاب سے متعلق خصوصی اعلان کی کارروائی کے حوالے سے، مقامی شدید بارش کے بارے میں مشورے کا اجراء علاقائی بارش کی ریکارڈ شدہ یا پیشینگوئی کردہ مقدار کی بنیاد پر ہوتا ہے، مثال کے طور پر، جب ہانگ کانگ کے انفرادی اضلاع میں ایک گھنٹہ میں 70 ملی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی ہو یا ہونے کا امکان ہو، جس سے ڈسٹرکٹس میں

شدید سیلاب اور خطرات لاحق ہو سکتے ہوں۔ اگر موسلا دھار بارش عام طور پر اس وقت ہانگ کانگ پر نہیں پھیلتی ہے اور سرخ یا سیاہ طوفانی بارش کے انتباہی سگنل کے معیار تک نہیں پہنچتی ہے، تو آبزرویٹری متاثرہ اضلاع اور ان سے متعلقہ ریکارڈ کردہ یا متوقع بارشوں کی نشاندہی کرتے ہوئے، مقامی شدید بارش کے بارے میں مشاورت جاری کرے گی، تاکہ اضلاع میں شدید بارش کی وجہ سے عوام کو ممکنہ سیلاب سے آگاہ کریں، اور احتیاطی تدابیر اختیار کی جا سکیں۔ یہ ایڈوائزری متعلقہ سرکاری محکموں کو بھی مناسب ردعمل اقدامات کرنے کی یاد دہانی کراتی ہے، جیسا کہ متعلقہ اضلاع میں سیلاب کے اثرات کو کم کرنے کے لئے ہنگامی اقدامات۔

## موسم کی معلومات حاصل کرنے کے طریقے

| | |
|---|---|
| Dial-a-weather سسٹم | 1878-200 |
| ہانگ کانگ آبزرویٹری کی ویب سائٹس | www.hko.gov.hk |
| | www.weather.gov.hk |
| موبائل ایپ "مائی آبزرویٹری" | www.hko.gov.hk/myobservatory_e.htm |
| | یا درج ذیل QR کوڈ کو اسکین کریں |

iPhone　Android　Windows Phone

## ہوم افیئرز ڈیپارٹمنٹ (HAD) ایمرجنسی ریلیف سروسز

اگر سمندری طوفان کے انتباہ کا اشارہ نمبر 8 یا اس سے اوپر والا، لینڈ سلپ انتباہ یا سرخ/سیاہ طوفانی بارش کا انتباہ نافذ ہے، تو متعلقہ استفسارات کا جواب دینے اور عوامی اراکین کو مدد فراہم کرنے کیلئے محکمہ داخلی امور کے ایمرجنسی کوآرڈینیشن سینٹر کو، ہنگامی ہاٹ لائن کے ساتھ چوبیس گھنٹے فعال کر دیا جائے گا۔

## عارضی پناہ گاہیں

ہنگامی صورتحال کے وقت، جیسے یا جب ضرورت ہوئی، ضلعی آفیسر(ز) کی صوابدیدگی پر انخلاء اور دیگر بے گھر افراد کو عارضی رہائش فراہم کرنے کے لئے مناسب عارضی پناہ گاہیں کھولی جائیں گی۔

ہم ان لوگوں کے لئے عارضی ٹھنڈی پناہ گاہیں یا عارضی رات کو گرم پناہ گاہیں بھی کھولتے ہیں جو سرد موسم یا شدید گرم راتوں میں پناہ لیتے ہیں۔ جہاں مناسب ہو، پناہ گاہ استعمال کرنے والوں کو کمبل اور گدے فراہم کیے جائیں گے۔

## ایمرجنسی کوآرڈینیشن سینٹرز

محکمہ داخلہ کا ایمرجنسی کوآرڈینیشن سینٹر دیگر محکموں اور ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تاکہ یقینی بنایا جاسکے کہ ان کی سرگرمیوں کو ہنگامی امداد فراہم کرنے میں مناسب طریقے سے ہم آہنگ کیا جاتا ہے، اور قدرتی آفات سے متاثرہ عوام کے لئے عارضی رہائش کا انتظام کیا جاتا ہے۔

ہنگامی امدادی کوششوں کو مربوط کرنے کے لئے بڑے ہنگامی واقعات جیسے نمبر 3 کی وبا پھوٹ پڑنا یا آگ کا بڑا الارم کے دوران جائے وقوعہ پر یا ہسپتالوں میں بین محکمانہ ہیلپ ڈیسک(س) بھی قائم کیے جائیں گے۔